آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔خبروں کا بلیٹن لےکر مینبلال وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

14/04/2026 07.40 / PM

ہیڈ لائنز

*//GMC ........ ضرورت مندوں کے کام آنے سے بڑھ کر کوئی خدمت نہیں جموں میں کمیونٹی کچن کو اپگریڈ کرنے کی تقریب سے لیفٹنٹ گورنر کا خطاب۔

*........وزیر اعلیٰ کے ہا تھونجنوبی کشمیر کے جبلی پورہ اننت ناگ مینکسان میلے کے دوران 4کروڑ30لاکھ روپے مالیت سے تعمیر فروٹ اینڈ ویجٹیبل پروسیسنگ مرکز کا افتتاح۔

*........ ملک بھر میں آج بیساکھی کے تہوار کی دھوم//وادی میں سب سے بڑی تقریب گردوارہ چھٹی پادشاہی سرینگر میں۔

اور

*........فائر اینڈ ایمر جنسی سروسز ہفتہ آج سے شروع۔

سیوا بھارتی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ ضرورت مندوں کے کام آنے سے بڑھ کر کوئی بڑی خدمت نہیں جموں کے ” اپنابوجنالیہ“ کو اپگریڈ کرنے سے متعلق ایک تقریب سے خطاب کر تے ہوئے GMCہے۔ منوج سنہا نے کہا کہ کسی بھوکے کو کھانا کھلانے کا مطلب اپنے لئے خوش بختی کو مدعو کرنا ہے۔

اپنا بوجنالیہ در اصل ایک کمیونٹی کچن ہے جو سیوا بھارتی کے تحت چلایا جا رہا ہے اور اس کی معاونت جمونو کشمیر بینک اور دیگر عطیہ کنند گان بھی کر رہے ہیں۔ منوج سنہا نے سیوا بھارتی، اس کے رضاکاروں اور دیگر عطیہ کنند گان کی اس بات کےلئے زبردست سراہنا کی کہ وہ اپنے بے لوث خدما ت کے ذریعے لاکھوں زندگیوں میں تبدیلی لاتے ہیں۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سرکار کی مختلف سکیموں سے کسانوں کے روزگاروں میں بہتری واقعہ ہو رہی ہے ۔

اننت ناگ کے جبلی پورہ بجبہاڑہ میں جشن بہار نام کے کسان میلے میں شرکت کے دوران عمر عبداللہ نے علاقے میں 4کروڑ30لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر فروٹ اینڈ ویجی ٹیبل پروسیسنگ سینٹر کا افتتاح کیا اور مختلف سکیموں کے تحت مستحق کسانوں میں سبسڈی کے چیک تقسیم کئے۔

وزیر اعلیٰ نے اس موقعے پر حالیہ بجٹ سیشن میں لئے گئے کئی اہم فیصلوں کا تذکرہ کر تے ہوئے کہا کہ ان کی سرکار عوامی بہبود کےلئے کمر بستہ ہے۔

اس موقعے پر کسانوں کی ایک بڑی تعداد کے علاوہ متعلقہ محکموں کے افسران اور عملے کے اہلکار بھی موجود تھے۔

**شکریہCM**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے نیشنل ہائی وے 244پر سنگپورہ /وائلو ٹنل اورسُد مہا دیو/ درنگاٹنل پروجیکٹوں پر غور کرنے کےلئے وزیر اعظم نریندر مو دی اور سڑک شاہراؤں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری کا دل سے شکریہ ادا کیا ہے۔**

**عمر عبداللہ نے کہا کہ ان پروجیکٹوں سے خطہ چناب اور دیگر علاقوں میں ہر موسم کی رابطہ سہولیات اُستوار ہونگی۔**

**تعزیتCM**

**اسی دوران وزیر اعلیٰ نے بجبہاڑہ اننت ناگ میں اُس غمزدہ کنبے کی تعزیت پُرسی کی جن کے2جواں بیٹے کل حادثاتی طور غرق آب ہونے سے جان بحق ہو گئے۔**

**وزیر اعلیٰ نے متاثرہ کنبے کو سرکار کی طرف سے مکمل مدد اور تعاون کا یقین دلایا۔**

**LG**

**جمونو کشمیر بھر میں نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان کے تحت عوام میں بیداری پیدا کرنے کےلئے متعدد سرگرمیاں جا ری ہیں ۔ انتظامیہ کی طرف سے یوٹی کو منشیات سے پاک کرنے کےلئے تمام ضروری اقدامات کئے جا رہے ہیں۔**

**ادھرلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ایک ایسا جموں کشمیر وجود میں لانے کی ضرورت پر زور دیا ہے جس میں نوجوان پوری دنیا کے لئے مشعلِ راہ بنیں۔منشیات کے سمگلروں کے خلاف اپنے ایک واضح پیغام میں انہوننے کہا۔**

**IGP**

**دوسری طرف منشیات کے سمگلروں کے خلاف پولیس بھی اپنی کارروائی کو جاری رکھے ہوئی ہے۔ کشمیر وی کے بِردی نے آکاشوانی نیوز IGP نشہ مکت جمونو کشمیر کے جا ری ابھیان کے بارے میں سرینگر سے بات کر تے ہوئے کہا۔**

**کشمیر پولیس**

**جمونو کشمیر پولیس نے یوٹی کے مختلف علاقوں سے آج بھی قریب14سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے خلاف باضابطہ کارروائی کا آغاز کیا ہے۔ پولیس نے اونتی پورہ بڈگام اور پلوامہ سے10سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ نشہ آور مصنوعات بھی بر آمد کر لی ہے۔ سوپور پولیس نے سوپور کے مختلف علاقوں میں آج منشیات کے خلاف بیداری کے کئی پروگرام منعقد کئے۔ اس دوران سوپور پولیس نے ہی ڈانگر پورہ علاقے سے4جواریوں کو گرفتار کر کے داؤ پر لگائی گئی کچھ رقم بھی ضبط کی۔**

**ایس ایس پی اننت ناگ امود اشوک ناگپورے نے افسروں اور اہلکاروں پر زور دیا کہ وہ لوگوں کے ساتھ قریبی تال میل رکھ کر ان کے مسائل کے ازالے کےلئے ہمہ وقت دستیاب رہیں۔بڈگام پولیس نے ضلعے کے ایس ایس پی کے نام پر ایک فرضی وٹس اپ اکاونٹ چلانے والے سمیر علی بٹ نامی ایک شخص کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے۔**

**جموں پولیس**

**جموں میںنارکوٹِکس مخالف ٹاسک فورس نے ایک سمگلر کو18کلو گرام پوست ہائے خشخاش سمیت گرفتار کیا ہے۔**

اُدھرراجوری پولیس نے تین منشیات فروشوں کو ہیروئن کی کچھ مقدار اور تیز دھار والے ہتھیار سمیت گرفتار کیا ہے۔

راجوری پولیس کی جانب سے ہی نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت بیداری کا ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔

ضلع پولیس کشتواڑ کی جانب سے ضلع سطح کی ایک کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقعے پر ایس ایس پی کشتواڑ نریش سنگھ نے جوانوں کی طرف سے پیشہ وارانہ پولیسنگ کے رول کو اُجاگر کیا۔

KU

کشمیر یونیورسٹی کے سکول آف لا ءاور ڈیپارٹمنٹ آف سٹوڈنٹس ولفیر کے باہمی اشتراک سے بھی 100روزہ نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کی کھڑی کے تحت ایک جانکاری ریلی نکالی گئی۔

اس موقعے پر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے منشیات کے بڑھتے چلینج سے نمٹنے کےلئے اجتماعی کوششیں کرنے کی اہمیت اُجاگر کی۔ سکول آف لاءکے ڈین اورسربراہ پروفیسر شہناز اور ڈیپارٹمنٹ آف سٹونڈنٹس ویلفیر کے ڈین پروفیسر پرویز احمد نے بھی طالب علموں کو منشیات کے مضر اثرات کے خلاف چوکس کیا۔

پروگرام

اس دوران ”منشیات کے بڑھتے رجحان: چلینجز اور حل“ کے موضوع پر آکاشوانی نیوز سرینگر کی طرف سے تیار کردہ خصوصی پروگرام کی دوسری قسط ہمارے یہاں سے آج رات ساڑھے 8بجے نشر ہو گی۔

پروگرام کے مہمان ہیں پدم شری پروفیسر شفیع شوق اور ان کے ساتھ شریک گفتگو ہونگے ڈائریکٹر نیوز اور شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر۔

بیساکھی

آج بیساکھی کا تہوار جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ یہ ربیع کی فصل کی کٹائی کا تہوار ہے اور اسی دن 1699 عیسوی میں گرو گوبند سنگھ جی نے سکھ مذہب میں خالصہ پنتھ کی بنیاد رکھی تھی۔

اس دن کی مناسبت سے آج گردواروں میں شبدھ کیرتن اور لنگر کا اہتمام ہے۔

وادی میں بیساکھی کی سب سے بڑی تقریب گردوارہ چھٹی پادشاہی ،کاٹھی دروازہ رعناواری سرینگر میں منعقد ہوئی جہاں سکھ عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد نے گرو گرنتھ صاحب پاٹھ اور شبدھ کیرتن میں شرکت کی۔

--Shabd Keertan--

بیساکھی کے موقعے پر آج مشہور سِیا حتی مقام گلمرگ میں خاصی چہل پہل دیکھی گئی جہاں محکمہ سیاحت کی طرف سے سیلانیوں کےلئے خاص انتظامات کئے گئے تھے۔

ادھر سرینگر میں بھی سِیا حتی مقامات بالخصوص مغل باغات میں مقامی اور مہمان سیاحوں کی رونق دیکھی گئی۔

مبارکباد

بیساکھی کے موقعے پر متعدد اہم شخصیات نے عوام خاص طور پر سکھ برادری کو مبارکباد پیش کی ہے۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اپنے الگ الگ پیغامات میں بیساکھی کے موقعے پر عوام کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری ، کابینی وزراءجا وید احمد ڈار، سکینہ ایتو، ستیش شرما،جاوید احمد رانا، جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو، ACBجموں بی ایس ٹُوتی، صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ ،IGPڈائریکٹرل جنرل پولیس نلن پربھات، جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک، نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ،
جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے بھی عوام کو بیساکھی JDU چیرمین حکیم محمد یا سین اورPDF کشمیر وی کے بردی نے چھٹی پاداشاہی میں منعقدہ بیساکھی کی تقریب میں IGPکی مبارک باد دی ہے ۔ حصہ لیتے ہوئے کہا۔

امبیڈ کر

آج آئینِ ہند کے معمار بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی 135 ویں جنم جینتی بھی منائی جارہی ہے۔ اس موقع پر ملک بھر میں مختلف تقاریب کا انعقاد کیا گیا، جن میں ملک اور قوم کے تئیں ان کی خدمات اور آئین سازی میں ان کے کلیدی کردار کو یاد کیا گیا۔

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، صوبائی کمشنر کشمیر ڈاکٹر انشل گرگ، نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور دیگر کئی اہم شخصیات نے ڈاکٹر امبیڈکر کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

خراج

اسی دوران پردیش بی جے پی کی طرف سے ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈ کر جینتی پر جموںو کشمیر بھر میں منعقدہ پروگراموں کے دوران آنجہانی کو شاندار خراج عقیدت ادا کیا گیا۔

پارٹی کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے جموں میں منعقدہ تقریب کے دوران ڈاکٹر امبیڈ کر کے مجسمے پر پھول چڑھائے۔

ادھر پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر طارق حمید قرہ نے امبیڈ کر جینتی کے موقعے پر پارٹی کی طرف سے منعقدہ تقریب کے دوران آنجہانی ڈاکٹر بی آر امبیڈ کر کو پھولوں کا خراج ادا کر تے ہوئے با با صاحب کو ایک سماجی مصلح، دور اندیش اورقدآور لیڈر قرار دیا۔

کلسوترا

اور اقلیتی تنظیموں کی کُل ہند کنفڈریشن کی طرف سے ٹیگور ہال OBC//ایس ٹی //SCجموںو کشمیر کی سرینگر میں آئین کے معمار ڈاکٹر با با صاحب امبیڈ کر کی یاد میں ایک شاندار تقریب منعقد ہوئی۔

نے اس بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ اپنی ایک RK Kalsotra کنفڈریشن کے سٹیٹ صدر خصوصی بات چیت میں کہا۔

CUK

دریں اثناءسینٹرل یونیورسٹی کشمیر کی جانب سے آج امبیڈکر جینتی کے موقعے پر ایک وبنار کی صورت میں ایک خصوصی لیکچر کا اہتمام کیا گیا۔ یہ لیکچر ناٹِنگھم یونیورسٹی کے پروفیسر وکرانت کشور نے دیا۔ اس موقعے پر ادارے کے وائس چانسلر پروفیسر اے رویندر نا تھ نے صدارتی خُطبہ دیا۔

اس موقعے پر مختلف شعبوں کے سر براہوں اور ڈینز کے علاوہ رجسٹرار ڈاکٹر نثار احمد میر بھی موجود تھے۔

فائر اینڈ ایمرجنسی

آج سے فائر اینڈ ایمر جنسی سروسز ہفتے کا آغازہو گیا۔ اس سلسلے میں سرینگر میں محکمے کی جانب سے منعقدہ ایک تقریب کے دوران فائر اینڈ ایمر جنسی سروسز کے ڈائریکٹر الوک کمار نے ڈیوٹی

کے دوران جان بحق ہونے والے اہلکاروں کو خراج عقیدت ادا کر تے ہوئے کہا کہ محکمے نے 2025کے دوران آگ کی6ہزار سے زائد وارداتوں پر قابو پانے میں اپنی خدمات انجام دی۔

اس حوالے سے فائر اینڈایمر جنسی سروسز کشمیر میں تعینات اسسٹنٹ ڈائریکٹر ڈاکٹرعاقب حسین میر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

سکاسٹ

سکاسٹ کشمیر کی ڈائریکٹر ایکسٹنشن پروفیسر رئیحانہ حبیب کنٹھ نے کہا ہے کہ رورل ہارٹیکلچر Experience ورک طالب علموں کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بڑھا وا دینے کا ایک اہم ستون ہے۔

ہارٹیکلچر( آنرس) طالب علموں کےلئے منعقدہ ایک BScوہ کرشی وگیان کیندر گاندربل کی جانب سے جامع تربیتی پروگرام میں بول رہی تھیں۔

گاندربل کے سربراہ ڈاکٹر اعجاز احمد ملک// سائنٹسٹ ڈاکٹر فائقہ سید// اور ڈاکٹر KVK اس موقعے پر سُجانبی قریشی بھی موجود تھیں۔

لداخ

لداخ کے کر گل ضلعے میں اپریکاٹ بلاسم فیسٹول 2026 جا ری ہے جس کے تحت خطے کی ثقافتی اور تمدنی میراث اور مقامی سطح کے ذریعہ معاش کے جشن منانے کا آغاز ہو تا ہے۔

گاؤں میں شروع کیا جاتا ہے جبکہ8سے16اپریل کے بیچ اسکے تحت Garkone یہ فیسٹول کر گل کے دیگر کئی مقامات پر سرگرمیاں منعقد کی جا تی ہیں ۔ فیسٹول کے بارے میں لداخ کے ڈائریکٹر ٹور ازم،سِرنگ پلدن نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

NC

نیشنل کانفرنس کی طرف سے آج حلقہ انتخاب گریز، بانڈی پورہ اور سونہ واری کے کارکنوں اور پارٹی عہدیداروں کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔

اس موقعے پر پارٹی کے معاون جنرل سیکریٹری اور راجیہ سبھا ممبر ایڈوکیٹ چودھری محمد رمضان نے مرکزی حکومت سے کہا کہ وہ جموںو کشمیر کے ریاستی درجے کی بحالی کا اپنا وعدہ وفا کرے۔

اس دوران پارٹی کی خواتین وِنگ کا ایک اجلاس ینگورہ گاندربل میں منعقد ہوا جس کی صدارت ایڈوکیٹ شمیمہ فردوس نے کی۔ اپنی تقریر میں موصوفہ نے خواتین کی بااختیاری کو جمہوریت اور مساوی معاشرے کی بنیاد قرار دیا ۔

BJP

پردیش بی جے پی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول نے پارٹی کو بوتھ سطح پر مضبوط کرنے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

وہ شمالی کشمیر کے ضلع بانڈی پورہ میں منعقدہ تنظیمی امور سے متعلق ایک میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے جس میں اور لوگوں کے پارٹی کے ضلع صدر مد ثر فاروق جان بھی موجود تھے۔

اس دوران پردیش بی جے پی کی جنرل سیکریٹری  سنجیتا ڈوگرہ نے اپنے ہفتہ وار عوامی رابطہ پروگرام کے تحت آج پنڈت پریم نا تھ ڈوگرہ بھون کچی چھاوٗنی جموں میں منعقدہ ایک پروگرام کے دوران خطے کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کے مسائل کی سماعت کی۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جموںوکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے عوامی رقومات کو عوامی بہبود کےلئے استعمال کرنے پر زور دیا ہے۔

انہوننے سرکار کی یہ کہتے ہوئے نکتہ چینی کی ہے کہ وہ عوامی رقومات کا صحیح استعمال یقینی بنانے میں ناکام رہی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں عام طور سے موسم خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت24 اعشاریہ8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6 اعشاریہ8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16 اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6 بجے

غروب آفتاب شام7 بجکر2منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

.....................................

...........

...